PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو کوارٹر فائنل پیر سے شروع ہونگے

لاہور، 18 مئی 2025ء:

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو کے کوارٹر فائنلز کل سے چار مقامات پر کھیلے جائیں گے۔

تین روزہ میچوں میں ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں کنگسمین کا مقابلہ مِٹ سلوشنز سے ہو گا جبکہ جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز کا مقابلہ شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں ریلوے سے ہو گا۔

سعید اسپورٹس سٹی لاہور میں پی اے ایف کا مقابلہ ونگ 999 اسپورٹس سے ہو گا جبکہ چوتھے کوارٹر فائنل میں ساحر ایسوسی ایٹس کا مقابلہ غنی انسٹی ٹیوٹ سے رانا نوید کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں ہو گا۔

ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل 24 سے 26 مئی تک ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم اور شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم میں ہونگے۔ چار روزہ فائنل 28 سے 31 مئی تک کھیلا جائے گا۔ فائنل کے مقام کی تصدیق مناسب وقت پر کی جائے گی۔

ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 50 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا جبکہ رنر اپ ٹیم کو 25 لاکھ روپے ملیں گے۔

اس سے قبل 15 اپریل سے شروع ہونے والے ٹورنامنٹ میں 27 ڈیپارٹمنٹل ٹیموں کو چار گروپوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ گروپ اے میں کنگسمین اور ونگ 999 اسپورٹس بالترتیب پانچ اور تین کامیابیوں کے ساتھ پہلے اور دوسرے نمبر پر رہے۔ گروپ بی میں جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز 38 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر سر فہرست ہے جبکہ غنی انسٹی ٹیوٹ نے چھ میچوں میں 32 پوائنٹس کے ساتھ گروپ مرحلے کا اختتام کیا۔

پاکستان ایئر فورس گروپ سی میں چار کامیابیوں کے ساتھ سر فہرست رہی، جبکہ مِٹ سلوشنز نے تین کامیابیوں کے ساتھ گروپ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔

گروپ ڈی میں ساحر ایسوسی ایٹس اور ریلوے نے بالترتیب چار اور تین کامیابیوں کے ساتھ پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کرکے کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا۔

پی اے ایف کے عتیق الرحمان اور عمیر مسعود بالترتیب 674 اور 664 رنز کے ساتھ بیٹنگ میں سرفہرست ہیں۔ عتیق نے دس اننگز میں چار سنچریاں اور دو نصف سنچریاں بنائیں جبکہ عمیر نے گیارہ اننگز میں تین سنچریاں اور چار نصف سنچریاں بنائیں۔

بولنگ میں ونگ 999 اسپورٹس کے سلو لیفٹ آرم اسپنر محمد طارق خان نے 41 وکٹیں حاصل کیں۔ آف اسپنر شیخ محمد رضا نے 32 وکٹیں حاصل کیں ریلوے کے اسپنر اسد اللہ اور عبداللہ زبیر نے 28،28 وکٹیں حاصل کیں۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial